بسم الله الرحمن الرحیم

# THE
# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

———————

*Tuesday, the 9th July, 2024*

———————

## TABLE OF CONTENTS


1. RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN ..... 4
2. RECITATION OF HADITH ..... 5
3. RECITATION OF NAAT ..... 5
4. NATIONAL ANTHEM ..... 5
5. PANEL OF CHAIRPERSONS ..... 5
6. PRAYERS FOR RECEOVERY OF HEALTH AND FATEHA PRAYERS ..... 6
7. LEAVE OF ABSENCE ..... 7
8. MOTION REG: CONSTITUTION AND COMPOSITION OF A SPECIAL COMMITTEE ON KASHMIR ..... 8
9. POINTS OF ORDER ..... 9
10. CALLING ATTENTION NOTICE REG: NON-PROVISION OF FREE MEDICAL TREATMENT INCLUDING MEDICINES TO THE CANCER PATIENTS IN ISLAMABAD ..... 23
11. THE SOUTH CITY UNIVERSITY BILL, 2024 ..... 26
12. THE CHILD MARRIAGE RESTRAINT (AMENDMENT) BILL, 2024 ..... 29
13. THE PAKISTAN PSYCHOLOGICAL COUNCIL BILL, 2024 ..... 30
14. MOTION FOR SUSPENSION OF RULE 122 IN ORDER TO TAKE UP THE PAKISTAN PSYCHOLOGICAL COUNCIL BILL, 2024 ..... 32
15. THE PAKISTAN PSYCHOLOGICAL COUNCIL BILL, 2024 ..... 33
16. THE CONSTITUTION (AMENDMENT) BILL, 2024 (AMENDMENT IN ARTICLE 175A AND 215) ..... 34
17. THE NATIONAL COMMISSION FOR MINORITIES BILL, 2024 ..... 38
18. THE CONSTITUTION (AMENDMENT) BILL, 2024 (ARTICLE 51 AND 106) ..... 39

19. THE NIPPON INSTITUTE OF ADVANCED SCIENCES (NIAS) BILL, 2024 ........ 41
20. THE HIGH COURTS (ESTABLISHMENT) (AMENDMENT) BILL, 2024 ........ 42
21. THE CHRISTIAN MARRIAGE (AMENDMENT) BILL, 2024 ........ 44
22. POINT OF ORDER ........ 45
23. THE INTERNATIONAL INSTITUTE OF TECHNOLOGY, CULTURE AND HEALTH SCIENCES BILL, 2024 ........ 47
24. MOTION FOR SUSPENSION OF RULE 51 ........ 48
25. THE STATE-OWNED ENTERPRISES (GOVERNANCE AND OPERATIONS) (AMENDMENT) ORDINANCE, 2024 (ORDINANCE NO. V OF 2024) ........ 49
26. THE STATE-OWNED ENTERPRISES (GOVERNANCE AND OPERATIONS) (AMENDMENT) BILL, 2024 ........ 50
27. AMENDMENTS TO THE RULES OF PROCUEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY ........ 56
28. MOTION FOR SUSPENSION OF RULES 55, 57 AND 158 TO TAKE UP THE RESOLUTION ........ 60
29. RESOLUTION TO COMMEMORATE THE MARTYRS OF SANEHA-E-DRENGARH INCLUDING NAWABZADA SIRAJ KHAN RAISANI ........ 60

**16th N.A, 7th Session**

# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

———————————

*Tuesday, the 9th July, 2024*

———————————

**Speaker**
**Sardar Ayaz Sadiq**

**Deputy Speaker**
**Syed Ghulam Mustafa Shah**

**Panel of Chairpersons**

1. **Mr. Tahir Iqbal**
2. **Abdul Qadir Patel**
3. **Ms. Romina Khurshid Alam**
4. **Syed Amin-ul-Haq**
5. **Ms. Shahida Begum**
6. **Mr. Riaz Fatyana**

Secretary General
Mr. Tahir Hussain

Special Secretary (Legislation)
Mr. Muhammad Mushtaq

Senior Director Generals (Proceedings)
Mr. Abdul Hadi Channa

Director General (Reporting)
Mr. Muhammad Nawaz

Deputy Secretary (Legislation)
Mr. Muhammad Ghiyas

# NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN
# ASSEMBLY DEBATES

———————

*Tuesday, the 9th July, 2024*

———————

The National Assembly of Pakistan met in the National Assembly Hall (Parliament House) Islamabad, at 5:50 p.m. with the honourable Speaker (Sardar Ayaz Sadiq) in the Chair.

———————

## RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ
يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ
الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾

(سورۃ البقرہ، آیات:153 تا 155)

[ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے۔ شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

اے ایمان والو صبر اور نماز سے مدد لیا کرو بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے جائیں ان کی نسبت یہ نہ کہنا کہ وہ مرے ہوئے ہیں (وہ مردہ نہیں) بلکہ زندہ ہیں لیکن تم نہیں جانتے۔ اور ہم کسی قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور میوؤں کے نقصان سے تمہاری آزمائش کریں گے تو صبر کرنیوالوں کو (اللہ کی خوشنودی کی) بشارت سنا دو۔]

## RECITATION OF HADITH

عَنْ ثَوْبَانَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ
فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ
يُصِيْبُهُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

[ترجمہ: حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تقدیر کو دعا لوٹا دیتی ہے۔ نیکی عمر میں اضافہ کرتی ہے اور آدمی گناہ کی وجہ سے رزق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔]

## RECITATION OF NAAT

یہ آرزو نہیں کہ دعائیں ہزار دو

پڑھ کے نبیؐ کی نعت لحد میں اُتار دو

میرے کریم میں تیرے در کا فقیر ہوں

اپنے کرم کی بھیک مجھے بار بار دو

یہ جان بھی ظہوری نبیؐ کے طفیل ہے

اس جان کو حضورؐ کا صدقہ اتار دو

## NATIONAL ANTHEM

**جناب سپیکر:** اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

## PANEL OF CHAIRPERSONS

**Mr. Speaker:** Panel of Chairpersons. In pursuance of sub-rule (1) of rule 13 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, the following Members, in order of precedence are nominated to form a Panel

of Chairpersons for this session of the National Assembly of Pakistan:-

1. Mr. Tahir Iqbal.
2. Abdul Qadir Patel.
3. Ms. Romina Khurshid Alam.
4. Syed Amin-ul-Haq.
5. Ms. Shahida Begum.
6. Mr. Riaz Fatyana.

In the absence of the Speaker and Deputy Speaker, National Assembly, the Member having precedence amongst those present at the sitting, shall take the Chair.

## PRAYERS FOR RECEOVERY OF HEALTH AND FATEHA PRAYERS

**جناب سپیکر:** میں دُعا کرانا چاہتا ہوں ہمارے ایم این اے ابرار شاہ صاحب کا حادثہ ہو گیا northern areas گئے تھے اوران کی ہمشیرہ کا انتقال ہو گیا، ان کی اہلیہ کو سخت چوٹیں آئیں جن کی ابھی بھی اچھی حالت نہیں ہے اللہ تعالیٰ ان کو صحت اورزندگی عطاء فرمائے۔ سابقہ فاٹا سے سابق سینیٹر جناب ہدایت اللہ صاحب دہشت گردی کا شکار ہو گئے۔ کراچی میں CTD کے DSP علی رضا دہشت گردی کے حملے میں شہید ہو گئے۔ اس کے علاوہ ملک میں جو دوسرے حادثات ہوئے اورایک accident لطیف آباد حیدرآباد میں ہوا جس میں لوگ جاں بحق ہوئے۔ تو دعا کیلئے علی محمد صاحب سے درخواست کروں گا۔

(مداخلت)

**جناب سپیکر:** مجاہد صاحب، مردان میں بھی دہشت گردی کا واقعہ ہوا ہے؟

(مداخلت)

**جناب سپیکر:** علی صاحب ایک سیکنڈ۔ آپ کس کا کہہ رہے ہیں؟ تالپور صاحب کا مائیک کھولیں۔

**میر غلام علی تالپور:** سر! 38 ہزار لوگ جو آخری اعداد و شمار آئے ہیں، 38 ہزار اور کچھ لوگ شہید ہو چکے ہیں پچھلے دو، تین دن تک۔

**جناب سپیکر:** دو تین دنوں میں؟

**میر غلام علی تالپور:** جی سر۔ فلسطین میں۔

**جناب سپیکر:** اچھا فلسطین میں۔

**میر غلام علی تالپور:** سر! آپ ان کو بھول گئے ہیں کہ ان کیلئے بھی یہاں دعا ہو۔

**جناب سپیکر:** آپ بھول گئے ہیں آپ نے Resolution بھی پاس کی تھی مگر ٹھیک ہے آپ نے یاد کرایا۔ فلسطین میں جو شہید ہونے والے ہیں ان کیلئے بھی دعا کرائیں۔

(دعائے صحتیابی اور دعائے مغفرت کی گئی)

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Speaker:** Leave applications.

**Mr. Speaker:** Haji Rasool Bux Chandio has requested for the grant of leave from 12th to 23rd June and for 9th and 10th July, 2024. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Saleem Rehman has requested for the grant of leave from 6th to 27th June, 2024. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Shafqat Abbas has requested for the grant of leave from 24th to 26th June, 2024. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Malik Asad Sikandar has requested for the grant of leave for 9th and 10th July, 2024. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Mr. Aijaz Hussain Jakhrani has requested for the grant of leave for 9th July, 2024. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Abdul Qadir Khan has requested for the grant of leave for 9th and 10th July, 2024. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Jam Abdul Karim Bijar has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Syed Rafiullah has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

(مداخلت)

## MOTION REG: CONSTITUTION AND COMPOSITION OF A SPECIAL COMMITTEE ON KASHMIR

**جناب سپیکر:** سب تشریف رکھیں۔ لاء منسٹر صاحب۔

**وزیر برائے قانون وانصاف، انسانی حقوق وپارلیمانی امور (سینیٹر اعظم نذیر تارڑ):** سر! کمیٹی کی Motion ہے آپ constitute کر لیں۔ سر! Kashmir Committee constitute نہیں ہوئی۔ ہمیشہ یہ traditionally ہوئی ہے اگر آپ اجازت دیں تو یہ (B) Motion 244 ہے، میں House کے سامنے place کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر:** جی کیجیے۔

**Senator Azam Nazeer Tarar:** Sir! I move under Rule 244 (B) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that this House authorizes the Speaker National Assembly to appoint a Special Committee on Kashmir comprising 22 Members in proportion to their representation in the National Assembly. The Speaker is authorized to include 6 Senators, 3 from Treasury and 3 from Opposition Parties based on their strength in the Senate. The Speaker is also authorized to make changes in the composition of the Committee, as and when, so required.

**Mr. Speaker:** Now, I put the Motion to the House. The question is that the Motion, as moved, be adopted.

(The Motion was adopted.)

## POINTS OF ORDER

**جناب سپیکر:** جی Leader of the Opposition عمر صاحب آپ بات کرنا چاہ رہے تھے۔

**قائد حزب اختلاف (جناب عمر ایوب خان):** مستی خیل صاحب بات کرنا چاہ رہے ہیں۔

**جناب سپیکر:** جی مستی خیل صاحب۔

**جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ (عربی) جناب سپیکر! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں بڑے بوجھل دل کے ساتھ آپ سے مخاطب ہوں۔ سپیکر صاحب! میں اور آپ 2002 سے onward اکٹھے آ رہے ہیں۔ الحمد للہ مجھے پنجاب اسمبلی میں بھی جانے کا اتفاق ہوا ہے اور وہاں پر بھی میرا ایک لفظ کبھی expunge نہیں ہوا۔ جو میرے ساتھ زیادتی اور ناانصافی کی گئی ہے۔ میں چشم دید گواہ ہوں یہاں پہ ان

99 اللہ کے ناموں کے نیچے، جو محترمہ بے نظیر بھٹو کے بارے میں یہاں الفاظ کہے گئے، یہاں جو گالم گلوچ کی گئی، یہاں فوج کو جو لتاڑا گیا۔

**جناب سپیکر:** آپ اپنی بات کیجیے۔

**جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل:** میں اس چیز کا بھی گواہ ہوں، ان گنہگار کانوں نے سنا ہے سر! میں نے ان لوگوں کی زبان بھی سنی ہے، جو یہ کہتے تھے سر! کہ جناب جب انڈیا کی دھمکی آتی ہے تو Chief of the Army Staff کی شلوار گیلی ہو جاتی ہے۔ میں نے ان کو بھی یہاں سنا ہوا ہے سر، میں نے یہاں پہ Supreme Court of Pakistan پہ بھی لوگوں کو سنا ہے، وہاں سے اٹھ کر یہاں ہماری خواتین سے جھگڑنے کے لیے آنے والوں کو بھی سنا ہوا ہے۔ میرے ساتھ جو زیادتی ہوئی، سپیکر صاحب! اگر میری slip of tongue کی وجہ سے اگر کوئی بات ایسی ہو گئی تھی تو مجھے اتنی سخت سزا دی ہے آپ نے۔ میں اسمبلی کے premises میں نہیں آ سکتا تھا۔ میں جناب کوئی RAW کا ایجنٹ ہوں، موساد کا ایجنٹ ہوں، ملک دشمن عناصر ہوں؟ میں عوام کے ووٹ لے کے یہاں پہنچا ہوں، عوام نے مجھے منتخب کر کے بھجوایا ہے اللہ کے فضل سے۔

**جناب سپیکر:** مستی خیل صاحب ہم by the book جاتے ہیں، by the rules جاتے ہیں۔

**جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل:** گِلے کے انداز میں یہ زیادتی کی گئی ہے، ناانصافی کی گئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں سر! کہ میں نے خواجہ صاحب سے رات کو بات کی، خواجہ صاحب walk کر رہے تھے۔ میں نے کہا خواجہ صاحب مجھ سے جب slip of tongue ہوا تو میں physically پاکستان پیپلز پارٹی کے میرے بھائی سامنے بیٹھے ہیں اعجاز جکھرانی صاحب، آغا رفیع اللہ صاحب اور نیازی صاحب یہ تینوں میرے پاس آئے اور میں بھی فوری طور پر ان کے پاس گیا کہ میں نے کہا بھائی جان اگر آپ کی دل آزاری ہوئی ہے تو اس پر معذرت خواہ ہوں۔ مجھے خواجہ صاحب نے کل کہا کہ میں نے آپ کو معاف کر دیا تھا، یہ سپیکر صاحب نے خود کیا ہے۔ یہ سپیکر نے کیا ہے۔ جناب سپیکر! میرا

اور آپ کا پرانا تعلق رہا ہے، جناب سپیکر یہاں پہ کیا کچھ نہیں ہوتا رہا؟ یہ جناب Leader of the Opposition کے ساتھ یہ کیا ہو رہا ہے اسمبلی کے اندر؟ عوام کے منتخب نمائندوں کا گلا گھونٹا جا رہا ہے۔

**جناب سپیکر:** آ گیا آپ کا پوائنٹ۔

**جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل:** لیڈر آف دی اپوزیشن کے ساتھ کیا کیا گیا ہے سر؟ جو ایک عوام کا منتخب نمائندہ ہے اور اس پورے House کا Leader of the Opposition ہے اس کو گرفتار کرنے کے لیے کہاں کہاں سے پولیس آئی ہے سر۔ ہم عمران خان کو ملنے کے لیے جاتے ہیں، ہمارا جیل میں جو استقبال کرتے ہیں، ڈکیت اور چوروں کی طرح۔ میں خان کو ملنے کے لیے گیا مجھے سر ایک کلومیٹر دور اتار دیا گیا۔ مجھے چھ دفعہ انہوں نے چیک کیا۔ میں نے کہا یار میں عوام کا منتخب نمائندہ ہوں، عوام کا ووٹ لے کر آیا ہوں، ممبر نیشنل اسمبلی آف پاکستان ہوں۔ دوسرا سر جو ہمارا mandate چھینا گیا۔ جو Supreme Court میں یہ کیس چل رہا ہے، ہمارا mandate چھین کر۔۔۔۔

**Mr. Speaker:** Thank you. Leader of the Opposition.

**جناب عمر ایوب خان:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بہت شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! آپ سب کی توجہ چاہوں گا کہ آج important issues ہیں اور briefly Point of Order پہ میں بات کروں گا۔ سب سے پہلے جناب سپیکر! ہمارے اس House کے ممبر رہ چکے ہیں، فارن منسٹر رہ چکے ہیں، دوبار فارن منسٹر رہ چکے ہیں، مخدوم شاہ محمود قریشی صاحب۔ جناب سپیکر سیاسی وابستگیاں اپنی جگہ، پر ان کو ہتھکڑیوں میں 20 گھنٹے سفر کرایا گیا۔ رات میں ان کو یہاں سے اڈیالہ جیل سے گاڑی میں بٹھایا گیا اور لاہور لے کے گئے تھے۔ ان کو back problems ہیں۔ اس کا خیال نہیں کیا گیا۔ لاہور میں Anti-Terrorist Court میں جج صاحب نے remarks دیے کہ خدا کا خوف کریں، یہ منتخب نمائندے رہے ہیں۔ عزت دار شخص ہیں۔ یہ ہتھکڑیاں ان کی

releaseکریں۔ پولیس نے اس چیز کا قطعاًnoticeنہیں لیا، جج صاحب کے ordersکوviolateکیا۔ جج صاحب نے یہ بھی کہا کہ DSPکی گاڑی میں ان کو واپس لے جایا جائے۔ اس چیز کا بھی انہوں نے خیال نہیں کیا اور جج صاحب کے ordersکو violateکیا اور اسی گاڑی میں پیچھے بیٹھا کے ان کو armored vehicleمیں وہ واپس لے آئے اور ہتھکڑیوں میں لائے۔

جناب سپیکر! اس کی ہم لوگ شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور آپ کو بحیثیت سپیکر notice بھی لینا چاہیئے کیونکہ وہ آپ کے بھی colleagueرہ چکے ہیں۔ دوسری اہم چیز جناب سپیکر! یہاں پر پاکستان تحریک انصاف کے لوگوں نے اور سنی اتحاد کونسل کے ساتھیوں نے جلسے کے لیے اجازت لی تھی، ڈپٹی کمشنر نے اجازت دی، اگلے دن چیف کمشنر نے وہ اجازت منسوخ کی۔ مجھے نہیں معلوم کہ انتظامیہ میں ان لوگوں میں سے کس نے کیا پیا ہوا تھا؟ کہ جی عاشورہ کا بہانہ۔ جناب سپیکر! انہوں نے contempt of courtکی ہے۔ ہم لوگ پُرامن لوگ ہیں۔ ہم نے پہلے بھی کہا کیونکہ contempt of courtمیں ہم لوگ گئے ہوئے تھے اور courtکے ذریعے ہم نے اجازت لی تھی۔ لہٰذا ہم پھر courtگئے ہیں اور ہم لوگ ان شاءاللہ تعالیٰ یہ اجازت لے کے رہیں گے اور ہم لوگ اسلام آباد میں جلسہ کر کے رہیں گے۔ اور انہوں نے، اس گورنمنٹ نے، یہ میں واضح کردوں جناب سپیکر کہ ہم لوگ قانون کی پاسداری کر رہے ہیں اور گورنمنٹ قانون کی پاسداری نہیں کر رہی۔ لہٰذا ہمیں مجبور نہ کیا جائے کہ ہم لوگ یہ زور آوری کریں اور یہ جلسے ہم لوگ کریں اور ہمیں دیوار کے ساتھ لگایا گیا۔

تیسری اہم چیز، جناب سپیکر! میں اس Houseکا رکن ہوں، آپ کا colleagueہوں اور آج سے نہیں بہت عرصے سے۔ بحیثیتLeader of the Oppositionاور اس Houseمیں کوئی بھی شخص ہو پولیس اس کو arrestکرنے کے لیے آئے تو آپ کو انہوں نے informکرنا ہوتا ہے۔ میرے خلاف ایک bailable arrest warrantکے تحت procedureسرگودھا کی انسداد دہشتگردی عدالت

سے نکالے۔ یہاں پہ میرے گھر پہ پولیس آئی میرے پاس footage موجود ہے۔ اسلام آباد پولیس کی گاڑی سائیڈ پر کھڑی تھی اور میانوالی پولیس کے لوگ تھے، یونیفارم میں تھے اور ساتھ 2 سویلین کپڑوں میں نامعلوم لوگ تھے۔ جناب سپیکر! ان کا مقصد یہ تھا کہ مجھے وہ arrest کریں۔ میں کل جس وقت سرگودھا کی عدالت میں تھا تو پولیس نے اور باقی لوگوں نے مجھے برملا کہا کہ سر آپ کو معلوم ہے۔ آپ جو سچی باتیں کرتے ہیں وہ کئی لوگوں کو کڑوی لگتی ہیں لہٰذا یہ orders تھے۔ جناب سپیکر! آپ کے سیکرٹری صاحب کو میں نے inform کر دیا تھا پرسوں کے دن ہی میں نے فون کر کے بتا دیا تھا۔ امید ہے کہ آپ کو inform کیا گیا ہو، اس کے خلاف میں Privilege Motion بھی لاؤں گا اور میرے Privilege Motion لانے سے پہلے آپ کو جناب سپیکر as Custodian of the House، آپ کے اپنے اس House کے Leader of the Opposition کے خلاف یہ ہوا۔ آپ کو ایکشن لینا چاہیئے اور پنجاب پولیس کے آئی جی کو، انٹیریئر منسٹر کو، ان سارے لوگوں کو آپ کو بلانا چاہیئے کہ ان کی مجال کیا ہے کہ Parliamentarians کے ساتھ یہ سلوک کریں۔

تیسری اہم چیز جناب سپیکر! یہاں پہ SRO 1005/2024 آئی، کل کے دن میں 08 جولائی 2024 کو ISI کا یہ ایک SRO نکلا ہے جس پر بڑے افسوس سے بات کرنا چاہوں گا کہ یہ ایک draconian SRO ہے، یہ dystopian معاشرے میں Animal Farm ایک کتاب ہے، 1984 Animal Farm کی جہاں پہ ایک پورا sketch بنایا جاتا ہے کہ معاشرہ کس طرح Big Brother کے کنٹرول میں آتا ہے۔ وہی معاشرہ ابھی پاکستان میں بنا رہے ہیں اور یہاں پہ دو operative words ہیں کہ نیشنل سیکورٹی کی کوئی خلاف ورزی ہو، تو اس کے بعد اور اس کو روکنے کے لیے جتنے لوگ یہاں پہ پاکستان کے شہری ہیں، ان کے mobile phones taping، ان کے انٹرنیٹ اکاؤنٹس، چاہے وہ فیس بک ہو، انسٹاگرام اور Twitter,

X جو بھی ہو وہ ان کے پاس اختیار ہو گا، ISI کے پاس۔ نیشنل سیکورٹی کے وہ کون سے خد و خال ہیں، وہ کون سے variables ہیں ؟ کوئی اس کا ذکر نہیں۔ آپ کی free speech کو، آپ کے معاشرے کو totally کنٹرول کرنے کا یہ طریقہ ہے اور سونے پہ سہاگہ جہاں پہ apprehension of offence کہ ان کے پاس کوئی غیب کا علم آیا ہے جناب سپیکر! کہ یہ چار دن بعد یا ایک مہینے بعد کا ان کو پتہ ہو گا کہ جی فلاں شخص نے کرنا ہے یا سپیکر صادق صاحب کچھ کریں گے یا عمر ایوب کر رہا ہے یا کوئی اور ہمارے ساتھی کر رہے ہیں، تو اس کے اوپر ہی آئے گا۔

جناب سپیکر! میں پہلے بھی بات کر چکا ہوں کہ یہی بد قسمتی سے قوانین اور laws ہیں جو کہ یہاں پہ جتنے آپ کے ساتھی Treasury Benches میں ہیں، یہ سب سے پہلے اس قانون کے victim ہوں گے۔ اس قانون کے ساتھ شہباز شریف نے اپنی شہ رگ کل رات کو کاٹی ہے۔ میری بات یہ یاد رکھیئے کہ یہ وہ قانون ہو گا، جس کے تحت یہ سب کے سب لوگ، بشمول ہمارے اور یہ press کے لوگ اور وکلاء حضرات، ہم لوگوں کو ہتھکڑیاں لگیں گی malafide intent کے ساتھ اور concocted evidence کے ساتھ اور یہ میری بات آپ یاد رکھیئے گا، جناب سپیکر۔

اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر! یہاں پہ میں کہتا چلوں کہ اس ہاؤس کے ممبران یہاں پر جنید اکبر خان صاحب، وہ پیچھے بیٹھے ہیں یہ میرے ساتھ تھے، شاندانہ گلزار صاحبہ میرے ساتھ تھیں۔ میں خود وہاں پہ موجود تھا، ہمارے دوسرے پارلیمنٹیرینز تھے۔ ہم لوگ اڈیالہ جیل 4 جولائی کو گئے اور پونے ایک سے پانچ بجے تک، ایک وہاں پر چھوٹی سی چوکی ہے۔ ظہر کی نماز پڑھ کے، ادھر ہم لوگ درخت کے نیچے کھڑے تھے۔ وہاں پہ چوکی انچارج جاتا ہے، SHO اور، اس کا نام ہے اعجاز اور اس نے جناب سپیکر ہمیں کہا کہ آپ یہاں پہ کھڑے نہیں ہو سکتے۔ ہم نے کہا

کیوں نہیں کھڑے ہو سکتے، کہ جی ہمیں اوپر سے آرڈر آیا ہے کہ آپ یہاں پہ کھڑے بھی نہیں ہو سکتے، اس چوکی سے باہر جا کے آپ اڈیالہ جیل کے گیٹ کے سامنے کھڑے ہوں۔

جناب سپیکر! وہاں پہ بیٹھنے کی بھی جگہ نہیں ہے۔ وہاں پہ مسجد کا دروازہ ہمارے لیے بند کر دیا گیا اور وہاں پہ ہم لوگ کھڑے رہے اور ہمارا right تھا عدالت کے ذریعے کہ ہم نے وزیر اعظم عمران خان صاحب سے ملنا ہے۔ وجہ کیا ہے کہ وہاں پہ ایک کرنل ہے اور ایک میجر ہے جس کے کنٹرول میں وہ total اتھارٹی ہے کہ وہ کس کو اجازت دیں وزیر اعظم عمران خان صاحب سے ملنے کے لیے اور نہ ملنے کے لیے۔ ہم لوگ اس کی شدید مذمت کرتے ہیں اور یہ psychological warfare میں سب سے پہلی چیز ہوتی ہے۔ یہ دن انہوں نے بھی دیکھے ہیں، ہم نے بھی پہلے دیکھے ہیں اور پھر دیکھ رہے ہیں۔ یہ پہیہ گھومتا ہے۔ یہ ایک dystopian and fascist حکومت کا سب سے پہلا کردار ہوتا ہے کہ ایک انسان کو کوشش کر کے، اس کی اوقات دکھاؤ، اس کو رگڑا دو، اس کو نیچا دکھاؤ۔

جناب سپیکر! میں خود Privilege Motion اس میں لاؤں گا، اپنے ساتھیوں کے ساتھ اور میں آپ سے بھی گزارش کروں گا، بار بار میں نے کی ہے کہ آپ نے اس ہاؤس کی honour اور ممبرز کی honour کو آپ نے uphold کرنا ہے۔ مہربانی کر کے آپ نے Home Secretary and Prison Secretary, IG Prison اور جو آئی جی پولیس پنجاب ہے ان ساروں کو یہاں پہ بلانا ہے جناب سپیکر اور ہم نے پوچھنا ہے کہ ان کی کیا مجال کہ ایک لیگل طریقۂ کار سے جو ہم لوگ جاتے ہیں اور ہمارا راستہ روکا جاتا ہے۔

جناب سپیکر! میں یہ بھی کہتا چلوں کہ ہمارے چار ساتھی ہیں۔ رضوان احمد صاحب چار دن سے enforced disappeared person ہے ظہور مشوانی صاحب، اظہر مشوانی صاحب کے بھائی ہیں، 28 دن ہو گئے ہیں یہ پروفیسر ہیں، یہ لاپتہ ہیں، enforced disappeared person مظہر مشوانی صاحب 28 دن ہو گئے ہیں سر! یہ بھی educational setup کے پروفیسر ہیں اور سیاست سے لینا دینا نہیں،

28 دن سے enforced disappeared person غلام شبیر صاحب، ڈاکٹر شہباز گل صاحب کے بھائی ہیں، 23 دن ہو گئے ہیں یہ لاپتہ ہیں۔

جناب سپیکر! ہم لوگ کون سے معاشرے میں رہ رہے ہیں کہ دن دیہاڑے لوگوں کو اٹھایا جاتا ہے اور ان کو enforced disappeared person بنایا جاتا ہے ہمیں نہیں معلوم ان کو Guantanamo Bay لے کے گئے ہیں، کدھر لے کے چلے گئے ہیں کہ زمین کھا گئی ہے، آسمان نگل گیا کہاں پہ گئے ہیں؟ ان کی فیملیز جو ہیں۔

جناب سپیکر! مجھے آپ ٹائم دیں گے پلیز۔ جناب سپیکر! آخری دو پوائنٹ اہم ہیں کہ ہماری reserved seats کا ایشو ہے۔ Reserved seats کا ایشو سپریم کورٹ میں ہے اس پہ بحث ہو چکی ہے۔ یہاں on the Floor of the House پہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے attitude سے ہم لوگ بالکل ناراض ہیں۔ وہ attitude ٹھیک نہیں ہے وہ partisan ہے۔

**جناب سپیکر:** میں request کروں گا کہ ان کی judgement کو criticize کر سکتے ہیں لیکن ان کو نہیں۔ So, this criticism is not allowed. Please open the mic.

**جناب عمر ایوب خان:** میری بات سن لیں پلیز۔ جناب سپیکر! اس شخص کو moral courage ہونی چاہیئے کہ وہ اس بینچ سے ہٹے۔ آخری پوائنٹ، جناب سپیکر! بلاول زرداری صاحب پشاور گئے اور پریس کانفرنس کی۔

(مداخلت)

**جناب عمر ایوب خان:** بلاول بھٹو نہیں ہے؟ اس کا نام بلاول بھٹو زرداری ہے اور کیا نام ہے اس کا؟ یہی نام ہے۔ اور کوئی نام ہے اس کا، بلاول بھٹو زرداری ہے میرا خیال ہے اس کا یا اور کوئی نام add کر دیا، مجھے نہیں معلوم۔ جناب سپیکر! بلاول پشاور گیا اور وہاں پہ پریس کانفرنس کی اور اس نے پختونوں کے خلاف جو تعصب اُگلا، اس کو میں

یہاں پر condemn کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! اس نے یہ بات کہی پریس کانفرنس میں کہ یہ دہشت گردی پختون علاقے سے، KP سے نکل رہی ہے۔ پی ٹی آئی گورنمنٹ کو اس نے ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ اس کو میں condemn کرتا ہوں۔

جناب سپیکر! ان کو شوق ہے تو اپنے کچے کے ڈاکوؤں کے بارے میں بات کریں۔ ان لوگوں کے بارے میں بات کرے، پیپلز پارٹی والے جو وہاں پہ دن رات کرپشن کر رہے ہوتے ہیں وہ ان کو نظر نہیں آتا۔ وہاں پہ جو مشینیں ہیں، آپ کے نوٹ گننے والی مشینیں ہیں ان کی موٹر گِھس جاتی ہے پر ان کے نوٹ ختم نہیں ہوتے، اتنی کرپشن ہے۔

جناب سپیکر! جب بھی میں نے دیکھا ہے بلاول بھٹو زرداری کو جب وہ پشاور گیا ہے تو اس کا ہمیشہ پریس کانفرنس میں رونا ہی ہوتا ہے میں اپنے وزیر اعلٰی علی امین خان گنڈا پور، میرا چھوٹا بھائی ہے۔ اس سے میں گلہ کروں گا جی کہ وہ کیا وہاں پہ کرتا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کو وہاں پہ ہمیشہ رلا کے چھوڑتا ہے۔ علی امین سے میں گلہ کروں گا کہ وہاں پہ ذرا شفقت کا ہاتھ رکھے کہ بلاول بھٹو کو پشاور میں وہ نہ رلایا کرے۔

جناب سپیکر! یہ ہماری گزارشات تھیں اور میں آخر میں ایک بار پھر کہوں گا جناب سپیکر پاکستان تحریک انصاف وہ پارٹی ہے اور وزیر اعظم عمران خان صاحب وہ وزیر اعظم ہیں اور وہ شخصیت ہیں جنہوں نے اس ملک کو اکٹھا رکھا ہوا ہے اور ان کی بات پورے ملک میں سنی جاتی ہے اور ان کے خلاف یہ fictitious cases اور بشریٰ بی بی کے، شاہ محمود قریشی صاحب کے، ہماری خواتین کے، مرد حضرات کے اور جو ملٹری کورٹس میں ہمارے لوگ ہیں ان کے خلاف fictitious cases فی الفور ختم کیے جائیں۔ بہت بہت شکریہ جناب سپیکر۔

**جناب سپیکر:** اقبال آفریدی صاحب آپ کوئی بتا رہے تھے کہ وہاں علاقے میں کوئی ایشو ہوا ہے۔ اقبال صاحب ایک منٹ پلیز۔

**جناب محمد اقبال خان:** شکریہ جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب! 2009 سے جاری آپریشن جو فاٹا میں ہوا ہے وہاں پہ کچھ لوگ displaced ہوئے تھے، ابھی ان کی واپسی ہو رہی ہے۔ یہ تو امن کے لیے وہاں سے نقل مکانی کر گئے تھے، اپنے گھر بار سب چھوڑ کے گئے لیکن واپسی کا کوئی پیکج ان کو نہیں مل رہا ہے۔ وہاں پہ ان کے گھر مسمار ہیں۔ وہاں پہ ان کی سڑکیں تباہ و برباد ہیں۔

**جناب سپیکر:** لاء منسٹر صاحب، یہ ذرا نوٹ کر لیجئے۔

**جناب محمد اقبال خان:** میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے جب متاثرین کی واپسی ہوتی تھی تو حکومت پریس کانفرنس کے ذریعے اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتی تھی کہ واپس جانے والے متاثرین کی مدد کریں۔ Kindly آپ concerned Ministry کو بتائیں کہ وہ پریس کانفرنس کریں کہ وہاں پر جانے والے متاثرین ہیں، ان کو سہولتیں دیں۔ پہلے ان کو 35 ہزار کا پیکج دیا جاتا تھا واپسی کا، ان کو خیمے، ان کے گھر کی rehabilitation کے لیے پیسے دیے جاتے تھے، ابھی کچھ نہیں دیا جا رہا ہے۔ لہٰذا میں اپیل کروں گا۔ ان کو تمام سہولتیں دیں اور پھر واپسی کریں۔

**جناب سپیکر:** لاء منسٹر صاحب یہ نوٹ بھی کر لیجیے گا۔

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ:** سر! لیڈر آف دی اپوزیشن نے جس طرح بات کی، اسے وضاحت سے بیان کرنا میں ضروری سمجھتا ہوں۔ یہ کہا گیا کہ یہ جو call recording کے حوالے سے SRO ہے یہ شہ رگ کٹی ہے یا اس کو کیوں کیا گیا ہے۔ سر! اگر ملک چلانا ہے تو اس میں ایک Constitutional scheme ہے۔ آپ اگر تھوڑا سا سننے کا حوصلہ پیدا کریں۔ اگر آپ نہیں سنیں گے تو یہ میں آپ کو دعوے سے کہتا ہوں کہ اگر نہیں سنیں گے تو ان شاءاللہ لیڈر آف دی اپوزیشن کو بھی کوئی نہیں سنے گا۔ اس کو کمزوری نہ جانیے۔ یہ آپ کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ مجھے بات تو پوری کر لینے دیں۔ آئین میں جو شخصی آزادیاں دی گئی ہیں ان کو violate کرنے کا سوچا بھی نہیں

جاسکتا۔ لیکن ہمارے framers نے جب یہ آئین بنایا اور دنیا جہان کے آئین میں، national security کے حوالے سے اور crime detection کے حوالے سے subject to law ہوتی ہے rights of privacy سارا کچھ، میں جو بات کرنا چاہ رہا ہوں، وہ ذرا سا اطمینان سے سن لیں۔ 1996 کا یہ law ہے۔ اس سے پہلے بھی تھا۔ لیکن اس کو دوبارہ reshape کیا گیا۔ 1996 میں section 54 جو ہے وہ Pakistan Telecommunication Reorganization Act, کیا گیا word 1996 میں اور 54(1) reads; Notwithstanding, anything contained in any law for the time being in force. In the interest of national security or in the apprehension of any offense, the federal government may authorize any person or persons to intercept calls and messages, or to trace calls through any telecommunication system. اس law کے under سر! جو آپ کی law enforcement اور intelligence agencies ہیں یہ operate کرتی ہیں اور جب کبھی انہیں data تک رسائی یا interception required ہوتی ہے یہ اس قانون کے تحت کرتی ہیں۔

آپ نے دیکھا کہ اس ملک میں بہت بہت بڑے بڑے وقوعے ہوئے۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی شہادت ہوئی یہ calls interception ہی تھی جو link مل گیا ان کو شہید کرنے والوں کے ساتھ اور وہ مقدمہ unearth ہوا۔ لاہور میں DIG مبین کا کیس میں نے خود دیکھا ہوا ہے۔ ایک نوجوان ہمارا پولیس آفیسر تھا، وہ شہید کیا گیا۔ Geo-fencing کے ذریعے trace ہوا، بندے پکڑے گئے۔ بے تحاشہ اور مثالیں ہیں۔ 1996 سے لے کے آج 28 سال ہو گئے ہیں سر، اس عرصے میں محترم لیڈر آف اپوزیشن حکومتوں کا بھی حصہ رہے ہیں، پانچ حکومتیں اس عرصے میں آئی ہیں، ایک مارشل لاء ہم نے face کیا ہے۔ پرویز مشرف دور میں عمر

ایوب صاحب خود حکومت کا حصہ تھے۔ کسی حکومت نے اس provision کو change نہیں کیا، یہ لاء ہے since 1996 اور یہ intact ہے اسی صورتحال میں۔ Time to time notifications ہوتے ہیں۔ جس میں ایجنسیز کو، ان کے آفیسرز کو authorize کرتی ہے federal government under the law۔ بجائے اس کے کہ یہ دائرہ کار 50 ایجنسیز تک پھیلایا جائے اور ایک indiscipline نظر آئے کہ ہر کسی کو authorize کرتے ہیں تو پھر بھی برا تھا۔ حکومت نے یہ یقینی بنانے کے لیے کہ یہ counter-terrorism کے لیے، نیشنل سیکورٹی کے لیے اور crime detection کے لیے استعمال کیا جائے۔ جو premium intelligence agency ہے اس کو by notification authorize کیا ہے اور پابند کیا ہے کہ آپ گریڈ 18 سے اوپر کے آفیسرز کے نام provide کریں گے اور ان کو جو area allocated ہے وہ بھی provide کریں گے تاکہ اس کا misuse نہ ہو اور اسی Cabinet کی سمری میں جب یہ Ministry کو بھیجا گیا for vetting تو اس میں کہا گیا The authorization of such and such with enhanced harmonization and coordination with other law enforcement agencies, thereby promoting more integrated and effective approach to addressing national security threats, including menace of terrorism. Such interception in the telecommunication system will legally enable the agencies to receive information on possible threats and to take effective measures to mitigate such steps and to apprehend the culprits.

کیا دہشت گردی کا ناسور ہمارے ارد گرد موجود نہیں ہے؟ کیا امن قائم ہو گیا ہر طرف؟ پھر کہا گیا کہ Further, all actions initiated, processed and executed as the case

may be by the agency in the interest of national security, so and so, so and so soon shall also be deemed to have been done, initiated under the law.اس میں آئیں گے اور ساتھ یہ بھی کہا گیا کہ یہ سارا کچھ کرتے ہوئے لوگوں کی جو personal life ہے۔ اس کی privacy ہے اس کا بھی خیال رکھا جائے گا اور قانون کو misuse کرنے والوں کے خلاف ایکشن ہو گا تو چیزوں کو اگر legal framework میں کیا جائے، تو پھر بھی وہ غلط ہے۔ اگر illegally ہو رہا ہے، تو پھر بھی غلط ہے اس وضاحت کے ساتھ میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ یہ کوئی نیا کام نہیں ہوا، یہ کوئی انہونا کام نہیں ہوا، 28 سالوں سے یہ invoke ہے اور دنیا کے دیگر ممالک میں بھی، ہم دور نہیں جاتے جو mother of democracy ہے۔ جہاں سے ہم common law کی jurisdiction کو derive کرتے ہیں UK laws کے تحت بھی ان کا جو لاء ہے Telecom lawful interception of communication جو Regulations 2000 ہے۔ ان میں بھی یہ چیزیں موجود ہیں۔ اب استعمال درست ہو یا غلط ہو، اس پہ checks ہو سکتے ہیں۔ لیکن میں وضاحت یہ کرنا چاہتا تھا کہ since 1996 یہ provision اس صورت میں موجود ہے۔ آپ نے ابھی recently چار سال حکومت کی ہے۔ اگر یہ اتنی draconian اور اتنی ہی ملک دشمن provision تھی تو اسے ختم کر دیتے۔ لیکن چیزیں under the law regulate ہوتی ہیں، بہت شکریہ جناب سپیکر۔

**جناب سپیکر:** جی لیڈر آف دی اپوزیشن، اب اسی کے اوپر بات کرنا ہے؟

(مداخلت)

**جناب سپیکر:** جی نہیں پلیز، ابھی ایجنڈا لینا ہے، یہ ریاض فتیانہ صاحب جو ہے آپ لوگوں کو بیٹھنے نہیں دیں گے۔ لیڈر آف دی اپوزیشن صاحب۔

**جناب عمر ایوب خان:** جناب سپیکر! لاء منسٹر صاحب نے جو بات کی ہے۔ اس میں دو چیزیں ہیں۔ اس پہ نمبر ایک یہ ہے کہ انہوں نے جس قانون کا حوالہ دیا ہے۔ اس کو جسٹس بابر ستار صاحب نے پورا enumerate کیا اپنی decision میں اور وہ 2013 کی legislation اس کو supersede کرتی ہے۔ آپ willy- nilly اُٹھ کر کسی کے فون نہیں tape کر سکتے میں پھر repeat کر تا ہوں۔ یہ ایک ایسا کالا SRO یا کالا قانون لا رہے ہیں۔ جس کا سب سے پہلا victim یہ لوگ خود ہوں گے، یہ Treasury Benches والے خود ہوں گے۔ یہ میں بات Floor of the House پر میں کہہ رہا ہوں یہاں پہ جناب سپیکر! میں گزارش کروں گا، اس کی detail آپ کو ابھی بیرسٹر گوہر صاحب دیں گے۔

**جناب سپیکر:** ابھی نہیں، یہ تو پھر آپ بولیں گے، پھر وہ بولیں گے I will come to the agenda, یہ ایجنڈا ختم کرنے کے بعد پھر اس کے اوپر آتے ہیں۔

**جناب عمر ایوب خان:** آخری بات اس پر کر دوں۔ الیکشن کمیشن کے حوالے سے، الیکشن کمیشن نے جو criminal negligence commit کی تھی کہ انہوں نے جو ہم سے bat کا symbol لیا تھا۔ اس کی ان کی accountability ضرور ہونی چاہیئے۔ یہ میں بات کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر:** شکریہ، آئٹم نمبر 2۔ Ms. Nuzhat Sadiq to move Item No.2, Calling Attention of Minister for National Health Service, Regulation and Coordination. جی move کیجیئے۔ اس ایجنڈے کے بعد لے لیں گے۔ دیکھیں پھر اِدھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر ہوتا رہے گا۔

## CALLING ATTENTION NOTICE REG: NON-PROVISION OF FREE MEDICAL TREATMENT INCLUDING MEDICINES TO THE CANCER PATIENTS IN ISLAMABAD

**Mr. Speaker:** Item No. 2. Ms. Nuzhat Sadiq.

**Ms. Nuzhat Sadiq:** I invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding non-provision of free medical treatment including medicines to the cancer patients in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**جناب سپیکر:** منسٹر فار لاء اینڈ پارلیمنٹری افیئرز۔

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ:** سر! یہ بڑا sensitive معاملہ اٹھایا ہے یہ بات درست ہے کہ PIMS hospital میں Oncology Department میں ایک treatment of poor cancer patients project کے نام سے نافذ العمل ہے اور یہ پانچ سالہ projects جو جاری تھا جو کہ کینسر کی ادویات بنانے والی کمپنی، Novatus کے اشتراک سے چل رہا ہے۔ PIMS میں ساڑھے تین سو سے زائد رجسٹرڈ مریض ہیں جو سر اس سے فائدہ بھی اٹھا رہے ہیں اور اس کی جو total مالیت ہے وہ 4.7 ارب کے قریب ہے۔ اس میں سے چار ارب لگ چکے ہیں۔ اس میں حکومت کے ذمے جو ہے وہ 10 پرسنٹ ہے اور جو Novatus ہے وہ 90 پرسنٹ تقریباً اس میں add کر رہی ہے۔ اور اسی معاہدے کے تحت ہی چلتے ہیں۔ آج اس سے میں نے ان کی رپورٹ منگوائی ہے۔ یہ نافذ العمل رہا ہے۔ لیکن ڈالر ریٹس کی وجہ سے اس میں انہوں نے پھر اس کو تھوڑا renegotiate کرنے کے لیے کہا اور وہ جو percentage تھی وہ 73 فیصد اور 27 فیصد کر لی گئی اور اس کے لیے گفتگو جاری ہے۔ Company Roche جو ہے وہ بھی کینسر ادویات بناتی ہے اور اس کا ابھی پانچ

سال project ہے اس کا MoU ہو چکا ہے۔ یہ 2 ارب 80 کروڑ روپے کا project ہو گا۔ 23 فیصد حکومت کی ہو گی اور باقی وہ کمپنی کرے گی۔ یہ معاملات پائپ لائن میں ہیں۔ لیکن کہیں کہیں پہ disconnects آئے ہیں جس کی وجہ سے تعطل پیدا ہوا۔ میں نے محکمے سے یہ کہا ہے کہ پتہ کریں کہ اگر اس موجودہ بجٹ میں اس کی allocation میں کوئی ایشو ہے، وہ 60 سے 70 کروڑ کی رقم بنتی ہے۔ ہم وہ بھی ایڈریس کرنے کو تیار ہیں اور ان شاءاللہ العزیز حکومت سمجھتی ہے کہ یہ ایک بہت مہنگی بیماری ہے اور جو نادار اور غریب ہیں ہمارے مریض، ان کو بالکل یہ سہولت ہونی چاہیئے اور خاص طور پہ جب major portion جو ہے وہ contribution کا آرہا ہے pharmaceutical companies کی طرف سے ۔اس کو ہم ایڈریس کریں گے کوئی further بات ہو تو۔۔۔۔

**جناب سپیکر:** محترمہ نزہت صادق صاحبہ ایک سوال کیجیئے۔

**محترمہ نزہت صادق:** بہت شکریہ، جناب سپیکر! انہوں نے بالکل ٹھیک کہا ہے PIMS جو یہاں کا ہاسپٹل ہے پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز سب سے زیادہ busy ہاسپٹل یہی ہے یہاں پہ خالی ICT کے patients نہیں آتے بلکہ AJK اور فاٹا کے بھی آتے ہیں اور دیگر علاقوں سے بھی آتے ہیں اور majority جو ہے وہ cancer patients کی وہ یہ treatment afford ہی نہیں کر سکتے۔ نہ test afford کر سکتے ہیں نہ اس کی۔۔۔

**جناب سپیکر:** ان کے جواب کے بعد آپ کا سوال کیا ہے؟

**محترمہ نزہت صادق:** میں ابھی سوال کروں گی۔ میں بتا رہی ہوں کیونکہ یہ بہت زیادہ مہنگا علاج ہے اور یہاں پہ مجھے جو معلوم ہوا تھا جو میں نے پڑھا تھا اس میں انہوں نے کہا ہے کہ ابھی ایک MoU cost sharing کے

حوالے سے، public private partnership کے حوالے سے بات کر رہی ہوں کہ یہاں پہ ایک project تھا جو NHSR&C انہوں نے MoU sign کیا ابھی منسٹر صاحب نے بتایا ہے اس کا۔

جو مجھے پتہ چلا ہے وہ یہ کہ اس کو Planning Division نے شاید take up نہیں کیا اور has not approved, تو میرا یہاں پہ سوال یہ ہے کہ کیا اس طرح کے projects جو کہ دوسری companies share کر رہی ہیں اور just let me, bear with me یہاں پہ جو cost ہے یہاں میں project کی بتا دوں total cost 2.8 billion اور اس میں سے ہم نے صرف جو Government of Pakistan نے دینا تھا 800 million دینا تھا۔

اور دوسرا جو کہ total cost کا 27 percent ہے اور جو باقی رقم تھی وہ دینی تھی Roche نے، اور ان کی 73 percent بنتی ہے اور معلوم یہ ہوا ہے کہ انہوں نے اس کو drop کیا ہے یا نہیں کر رہے۔ تو وہ کیوں نہیں کر رہے اور assurance دیں کہ یہ treatment continue ہو غریب لوگوں کے لیے۔

**جناب سپیکر:** جی لاء منسٹر صاحب۔

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ:** سر! I had the instructions from Ministry of Health انہوں نے لکھ کے بھیجا تھا۔ اور یہ وزیر اعظم صاحب کی بھی بڑی clear policy ہے ہیلتھ کے حوالے سے جو فیڈرل گورنمنٹ کی obligations ہیں، ان میں کسی قسم کی کمی بیشی نہیں ہونی چاہیئے۔

I assure the learned Member کہ اگر Planning Division سے یہ کسی وجہ سے drop ہوا ہے یا اس میں کوئی تعطل یا رکاوٹ ہے تو government will resolve it اور ان شاء اللہ العزیز سر یہ funds allocate کیے جائیں گے اور اس پہ کوئی compromise نہیں ہو گا۔

**جناب سپیکر:** شکریہ جی۔ آسیہ ناز تنولی صاحبہ not present۔ نور عالم خان صاحب to move Item No. 3 نور عالم خان صاحب موجود نہیں ہیں drop۔ Item No. 4 بھی نور عالم صاحب کا drop تھا۔

## THE SOUTH CITY UNIVERSITY BILL, 2024

**Mr. Speaker:** Item No. 5. Syed Khursheed Ahmed Shah Sahib to move Item No. 5.

**Syed Khursheed Ahmed Shah:** Thank you Mr. Speaker! I beg to move to introduce a Bill to provide for the establishment of the South City University [The South City University Bill, 2024].

**Mr. Speaker:** Law Minister do you oppose it?

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ:** سر! میں اس لیے نہ oppose کرتا ہوں نہ support کرتا ہوں کیونکہ منسٹر ایجوکیشن جو ہیں وہ بیرون ملک ہیں لیکن میں ایک عرض کر دوں سر! سارا ایوان بیٹھا ہے ہم دونوں sides کے۔ پچھلے کئی سالوں سے یہ trend دیکھا گیا ہے کہ سر جو universities ہیں ان کی establishment کے Bills، پرائیویٹ ممبر بل کے طور پہ آتے ہیں اور اس trend میں دن بدن ہم نے ایک rise دیکھا۔ اور آپ کو یاد ہو گا کہ پچھلے سال بھی اس کے اوپر کافی زیادہ issue آیا اس وقت کے وزیر تعلیم رانا تنویر صاحب تشریف فرما ہیں House میں۔ انہوں نے اس House میں بھی اور Senate کے Floor پہ بھی بہت سارے Bills کو oppose کیا تھا۔ میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ اس matter کو either Business Advisory میں یا کسی forum کے اوپر take up کریں۔

دیکھیں تعلیم بڑا ایک سنجیدہ اور sensitive معاملہ ہے اور higher education خاص طور پہ۔ ہم بڑے بڑے اہم جو معاملات ہیں ان کو at parity رکھتے ہیں education کی dispensation کے

ساتھ اور quality of education پہ پہلے ہی بہت زیادہ لے دے ہوتی ہے۔ یونیورسٹی کا کیا ہم پہلی بات تو یہ ہے۔

**جناب سپیکر:** اس کا کیا کرنا ہے؟

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ:** سر! میں عرض کرتا ہوں کہ یونیورسٹی کا mandate جو قیام کا ہے اٹھارھویں ترمیم کے بعد یہ provincial subject ہے، ICT میں یونیورسٹی قائم ہو سکتی ہے۔ اور ریسرچ انسٹیٹیوٹ کی ایک گنجائش رکھی گئی آئین میں کہ وہ فیڈرل گورنمنٹ کہیں پہ notify کر سکتی ہے، establish کروا سکتی ہے۔ لیکن اگر وہ استعمال کرتے ہوئے ہم صوبوں میں جا کے یونیورسٹیاں بنانا شروع کریں گے اور charter دیں گے اور وہ بھی HEC اور جو relevant stakeholders ہیں ان کے NOCs اور ان کی ساری compliance کے بغیر تو یہ زیادتی ہو گی۔ شاہ صاحب میرے بزرگ ہیں بڑے محترم ہیں۔ ایک request تو یہ ہو گی کہ یہ mechanism طے کرنے تک اسے defer کر دیا جائے۔ کیونکہ آج منسٹر صاحب نہیں ہے یہ بہتر طریقہ ہے ورنہ اسے Committee کو refer کر دیا جائے جو یہ مناسب سمجھیں۔ Committee کو بھیج دیں۔

**جناب سپیکر:** جی خورشید شاہ صاحب۔ ایک منٹ رانا تنویر صاحب وہ بات کر لیں۔ جی خورشید شاہ صاحب۔

**سید خورشید احمد شاہ:** اسمبلی کے ریکارڈ کے مطابق اگر دیکھا جائے کہ میں ایجوکیشن کا منسٹر بھی رہا ہوں۔ میں ایسا کوئی Bill نہیں لاؤں گا جو best institution، بہتر ایجوکیشن، ہیلتھ ہو، یا کوئی اور ہمارا ادارہ ہو اس میں ایسا کوئی Bill لانے کا سوچنا بھی میرے لیے ممکن نہیں ہے۔ یہ South City Hospital اس وقت پاکستان کے best hospitals میں count ہو رہا ہے۔ اس کی ایک برانچ سکھر میں بھی ہے، بہت بڑی بن رہی ہے، تیار ہو رہی ہے اور کراچی کے best hospitals میں count ہوتی ہے جیسے South City ہے، ضیاء الدین

یونیورسٹی ہے، لیاقت یونیورسٹی ہے اور آغا خان یونیورسٹی ہے یہ اس سے بھی competition میں ہے کہ آغا خان یونیورسٹی بھی ہے، لیاقت یونیورسٹی بھی ہے، بَکائی یونیورسٹی بھی ہے میڈیکل یونیورسٹی اور ضیاء الدین یونیورسٹی بھی ہے۔ یہ بھی اس سے بہتر ہے۔ کم کبھی نہیں ہو سکتی۔

میں نے آج پہلی مرتبہ اپنی 36 سالہ سیاسی زندگی میں پہلا Bill پیش کیا ہے اور مجھے افسوس ہے کہ میرے honourable Minister اس کی اس بہانے سے مخالفت کر رہے ہیں کہ ایجوکیشن منسٹر نہیں ہے۔ اب وہ مجھے بتا رہے ہیں کہ ایجوکیشن منسٹر نہیں ہے۔ مجھے تو افسوس ہو رہا ہے کہ مجھے بتا رہا ہے یہ combined responsibility ہے اور یہ ایجوکیشن کا Bill ہے۔

**جناب سپیکر:** اس کو Committee کو refer کر دیتے ہیں۔

**سید خورشید احمد شاہ:** کمیٹی کو refer کریں۔

**جناب سپیکر:** جی ٹھیک۔ منسٹر ہیلتھ، کھولیں مائیک۔ لاء منسٹر۔

(مداخلت)

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ:** یہ کمیٹی میں جائے اور یہ شاہ صاحب کی موجودگی میں وہ کمیٹی کو بہتر explain کریں گے۔ ایک general جو problem ہے barring وہ بڑے senior parliamentarian ہیں، مرشد ہیں ہمارے تو ویسے بھی۔ Barring اس کے، اس کے اوپر شاہ صاحب سمیت ہم سارے بیٹھ کے Opposition اور Treasury Benches اور آپ سے یہ استدعاء کرتا ہوں کہ ایک mechanism ہم بنا لیں تاکہ چیزیں regulate ہو جائیں اور اٹھارھویں ترمیم کی کسی طرح سے violation بھی نہ ہو۔ اتنی بات کرنے کی تھی this may be referred to Committee.

**جناب سپیکر:** اس کو کمیٹی کو refer کر دیتے ہیں۔

**Mr. Speaker:** Now, I put the Motion to the House. The question is that the leave to introduce a Bill to provide for the establishment of the South City University [The South City University Bill, 2024] be granted.

(The leave was granted.)

**جناب سپیکر:** شاہ صاحب Item No. 6 move کیجیے۔ شاہ صاحب Bill introduce کر دیا جائے Item No. 6 move کیجیے۔

**Syed Khursheed Ahmed Shah:** I introduce the Bill [The South City University Bill, 2024].

**Mr. Speaker:** The Bill in question stands introduced.

(The Bill was introduced.)

**جناب سپیکر:** آئٹم نمبر 7 رفیع اللہ صاحب۔ جی یہ defer ہو گی وہ بھی ابرار شاہ صاحب کے ساتھ تھے تو 7 اور 8 یہ ہو گیا۔ نور عالم خان صاحب آئٹم نمبر 9، موجود نہیں ہے۔ آئٹم نمبر 10، موجود نہیں ہیں۔

## THE CHILD MARRIAGE RESTRAINT (AMENDMENT) BILL, 2024

**Mr. Speaker:** Item No. 11. Ms. Sehar Kamran Sahiba to move Item No. 11.

**Ms. Sehar Kamran:** I beg to move for leave to introduce a Bill further to amend the Child Marriage Restraint Act, 1929 (XIX of 1929) [The Child Marriage Restraint (Amendment) Bill, 2024].

**Mr. Speaker:** Minister Sahib do you oppose it?

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ:** بھیج دیں کمیٹی کو بھیج دیں۔ اس پہ deliberate ہو جائے اچھی بات ہے۔ اس پہ کچھ صوبوں نے کر لیا ہوا ہے ICT کی حد تک رہ گیا تھا۔

**Mr. Speaker:** Now, I put the Motion to the House. The question is that the leave to introduce a Bill further to amend the Child Marriage Restraint Act, 1929 (XIX of 1929) [The Child Marriage Restraint (Amendment) Bill, 2024] be granted.

(The leave was granted.)

**Mr. Speaker:** Item No. 12. Sehar Kamran Sahiba to move Item No. 12.

**Ms. Sehar Kamran:** I introduce the Bill [The Child Marriage Restraint (Amendment) Bill, 2024].

**Mr. Speaker:** The Bill in question stands introduced.

(The Bill was introduced.)

## THE PAKISTAN PSYCHOLOGICAL COUNCIL BILL, 2024

**Mr. Speaker:** Item No. 13. Riaz Fatyana Sahib to move Item No. 13.

**جناب ریاض فتیانہ:** شکریہ جناب سپیکر! اس کو move کرنے سے پہلے میں گزارش کروں گا کہ یہ بل۔۔۔۔

**جناب سپیکر:** آپ پہلے Bill پڑھیں move کیجیے۔

**Mr. Riaz Fatyana:** I beg to move for leave to introduce a Bill to provide for the establishment of Pakistan Psychological Council [The Pakistan Psychological Council Bill, 2024].

**جناب سپیکر:** آپ اس پر کیا کہنا چاہ رہے تھے؟ ذرا اونچا بولیں۔

**جناب ریاض فتیانہ:** جناب والا! گزارش یہ ہے کہ یہ بل دو دفعہ پہلے بھی، 2013ء میں قومی اسمبلی میں اتفاق رائے سے پاس ہو کر سینیٹ میں گیا لیکن سینیٹ میں ابھی process ہو رہا تھا تو قومی اسمبلی اپنی معیاد پوری کر کے ختم ہو گئی۔ دوبارہ یہ 2021ء میں قومی اسمبلی میں پیش ہوا اور اتفاق رائے سے پاس ہوا۔ پھر سینیٹ میں گیا تو وہاں within time-frame وہ پاس نہ ہونے کے بعد واپس ہاؤس میں آیا اور Joint Sitting کو refer ہوا۔ لیکن پھر وہی ہوا کہ جب Joint Sitting میں آیا تو وہاں ابھی put نہیں ہوا تھا قومی اسمبلی اپنی معیاد پوری کر کے توڑ دی گئی۔ یہ دو دفعہ سٹینڈنگ کمیٹی سے بھی پاس ہو چکا ہے دو دفعہ قومی اسمبلی میں اتفاق رائے سے بھی پاس ہو چکا ہے۔

**Mr. Speaker:** Minister for Law do you oppose it?

**سینیٹر اعظم نذیر تارڑ:** سر! جتنی انہوں نے explanation دی ہے ویسے تو اصولاً کمیٹی کو جانا چاہیئے۔ یہ معاملہ Business Advisory میں بھی discuss ہوا ہے۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ ابھی اس نے سینیٹ میں جانا ہے اور سینٹ نے اس پر deliberate کر کے اس کو ووٹ کرنا ہے۔ جیسے فاضل رکن نے فرمایا ہے کہ یہ دو دفعہ پہلے پاس ہوا تھا اسی شکل میں لیکن ٹیکنیکل وجوہات کی بناء پر نیشنل اسمبلی کے dissolve ہونے سے یا اس کی معیاد پوری ہونے کی وجہ سے یہ بل قانون کی شکل اختیار نہیں کر سکا تو ان کی anxiety یہ تھی کہ یہ 2012ء یا 2013ء سے بل مختلف ادوار میں اسمبلی میں pending رہا ہے۔ تو final passage میں تو نہیں ہے۔ نیشنل اسمبلی کی حد تک passage ہے اگر اسے one time exception میں ہم لے کر Private Member Bill کے طور پر، تو اس کو passage میں ڈال دیا جائے اور تا کہ سینیٹ کو transmit کر دیا جائے، اس میں کوئی کمی بیشی ہو گی تو اس کو سینیٹ دیکھ لے گا۔

**جناب سپیکر:** مگر یہ practice نہیں بنے گی۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی سر۔

